# نواصب وجوازم فعل المضارع

**نواصب** : ناصب کی جمع ہے جس کا معنی ہے: وہ حروف جو فعل مضارع کو نصب دیتے ہیں جیسے : لَنْ أُشْرِکَ بِاللّٰہِ

**جوازم** : جازم کی جمع ہے جس کا معنی ہے: وہ حروف جو فعل مضارع کو جزم دیتے ہیں جیسے : لا تُشْرِکْ بِاللّٰہِ

## نصب اور جزم کی صورت :

**نصب کی صورت** : فعل مضارع کے منصوب ہونے کی صورت یہ ہے کہ وہ صیغے ہیں جن کے آخر میں نون نہیں آتا (پہلا گروپ) تو فعل مضارع پر نصب (فتحہ) آجائے گا جیسے: یَفْعَلُ سے یَفْعَلَ اور یَمْشِی سے یَمْشِیَ ہوجائے گا، اور اگر فعل مضارع کے وہ صیغے ہوے جن کے آخر میں نون آتا ہے (دوسرا گروپ) تو نصبی حالت میں نون گر جائے گا جیسے : یَفْعَلُوْنَ سے یَفْعَلُوْا سوائے جمع مؤنث کے نون کے (تیسرا گروپ) کہ وہ ہمیشہ ثابت رہتا ہے۔

**جزم کی صورت** : فعل مضارع کے مجزوم ہونے کی صورت یہ ہے کہ وہ صیغے ہیں جن کے آخر میں نون نہیں آتا (پہلا گروپ) تو فعل مضارع پر جزم (سکون) آجائے گا جیسے: یَفْعَلُ سے یَفْعَلْ اور یہ اس صورت میں کہ جب فعل مضارع صحیح ہو لیکن اگر فعل ایسا ہوا کہ جس آخر میں حرف علت آرہا ہو (یعنی ناقص) تو جزمی صورت میں وہ حرف علت گر جاتا ہے جیسے: یَمْشِی سے یَمْشِ ہوجائے گا، اور اگر فعل مضارع کے وہ صیغے ہوے جن کے آخر میں نون آتا ہے (دوسرا گروپ) تو حزمی حالت میں نون گر جائے گا جیسے : یَفْعَلُوْنَ سے یَفْعَلُوْا سوائے جمع مؤنث کے نون کے (تیسرا گروپ) کہ وہ ہمیشہ ثابت رہتا ہے۔

## حروف نصب :

1. أَنْ (کہ) = أَنْ أَعْبُدَ اللّٰہَ (الزمر:١١)
2. لَنْ (ہرگز نہیں) = لَنْ نَصْبِرَ (بقرۃ:٦١)
3. کَیْ (تاکہ) = کَیْ تَقَرَّ عَیْنُھَا (القصص:١٣)
4. لِ (لام کَیْ) (تاکہ) = وَلِتَعْلَمَ أَنْ وَعْدَ اللّٰہِ حَقٌّ (القصص:١٣)
5. إِذَنْ (اگر) = إِذَنْ یَذْھَبَ (حدیث)

## حروف جزم :

1. لَمْ (نہیں) = لَمْ یَلِدْ وَ لَمْ یُوْلَدْ (اخلاص:٣)
2. لَمَّا (ابھی تک نہیں) = لَمَّا یَقْضِ مَا أَمَرَ (عبس:٢٣)، بَلْ لَمَّا یَذُوْقُوْا عَذَاب (ص:٨)

یہ دونوں حروف فعل مضارع کو ماضی کے معنی میں لے جاتے ہیں

3. لام طلب (چاہئے کہ) = لِیُنْفِقْ ذُوْسَعَةٍ مِنْ سَعَتِہٖ (طلاق:٧)
4. لام نھی (نہ۔لائے نہی) = لا تُشْرِکْ بِاللّٰہِ (لقمان:١٣)، لا تُؤَاخِذْنَا (بقرۃ:٢٨٦)
5. إِنْ (اگر) = إِنْ تَنْصُرُ اللّٰہَ یَنْصُرْکُمْ

## ورک شیٹ

ہر ایک فعل پر حرف ناصب اور جازم داخل کر کے لکھیں:

تَعْبُدُ . تَخْرُجُ . تَرْکَعُ . تَذْھَبُ . تَرْجِعُ . تَسْجُدُ . تَغْفِرُ . تَلْعَبَانِ . تَضْحَکِیْنَ . تَشْرَبُوْنَ . تُنْفِقُ . تُشْرِفُ . تُکَذِّبُ . تَسْتَغْفِرُوْنَ . تَعْتَرِفُ . تَتَبَسَّمُ . تُجَاھِدُ . تُضَارِبُ .